© rasailojaraid.com



## تعارف و تبصرہ

# السنن الالٰہیہ فی الامم والجماعات والافراد فی الشریعۃ الاسلامیۃ

مولف: ڈاکٹر عبدالکریم زیدان ناشر: موسستہ الرسالہ، بیروت

مصنف کتاب ڈاکٹر عبدالکریم زیدان کا شمار دور حاضر کے عظیم اسلامی مفکرین داعیان وفقہاء میں ہوتا ہے۔ آپ کا تعلق عراق سے ہے اور عرصہ تک بغداد یونیورسٹی کے قانون شریعت واسلامک اسٹڈیز کے شعبہ سے وابستہ رہے ہیں۔ گذشتہ نصف صدی میں آپ کے ہاتھوں اسلام کی علمبردار طوفانوں اور مصیبتوں کا مقابلہ کرنے والی ایک ایسی نسل تیار ہوئی ہے جس پر اسلامی تحریکات بجا طور پر فخر کرسکتی ہیں۔ آپ نے عراق کے جن مایوس کن اور ابتلاء وامتحان سے پر حالات میں دعوت دین کی شمع جلائے رکھی ہے اسے بھلا یا نہیں جاسکتا۔ آپ نے زندگی کا طویل عرصہ ناموافق حالات میں گزارا ہے، چونکہ آپ کی شخصیت علم، تفقہ اور تجربات کی جامع ہے لہٰذا آپ کی کتابوں میں یہ خوبیاں بدرجۂ اتم پائی جاتی ہیں۔ آپ کی کتابوں میں 'اصول الدعوۃ' موجودہ دور کی دعوت دین کی موضوع پر لکھی گئی کتابوں میں اہم ترین کتاب ہے۔ یہ کتاب اس میدان میں کام کرنے والوں کے لیے رہنما کتاب کی حیثیت رکھتی ہے۔

زیر تبصرہ کتاب بھی اپنے موضوع پر اہم ہے۔ ایک لحاظ سے یہ اصول الدعوۃ کا تکملہ ہے۔ اس میں مصنف نے اپنی طویل علمی ودعوتی زندگی کا نچوڑ پیش کیا ہے اور بالواسطہ طور پر اس صدی میں اٹھنے والی اسلامی تحریکات کا جائزہ بھی لیا ہے اور ان قوانین قدرت کو تفصیل سے بیان کیا ہے جن کی پیروی نہ کرنے کی وجہ سے اسلامی تحریکات کو شدید صدمے اٹھانے پڑتے ہیں اور ان کی پیش قدمی جاری نہیں رہ سکی ہے۔ مصنف نے براہ راست کسی کو اپنی تنقید کا نشانہ نہیں بنایا ہے۔

اس کتاب کی جملہ سترہ فصلیں ہیں، ہر فصل اللہ تعالیٰ کے ایک قانون کے لیے مختص ہے۔ یوں تو کتاب کے سبھی ابواب اہمیت کے حامل ہیں۔ لیکن داعیان اسلام اور اسلامی جماعتوں پر فتنہ وابتلاء کے دور اور اس سے متعلق سنت الٰہی کا باب نمبر ۹ موتیوں سے تلنے کے قابل ہے۔

اردو داں طبقہ کے لیے ان دونوں ہی کتابوں کا ترجمہ ہونا چاہیے (مولانا عبدالمتین منیری)



© rasailojaraid.com